بسم اللہ الرحمن الرحیم

# حکومت کی طرف سے ملنے والی رقم وصول کرنے کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

حکومت کی جانب سے عورتوں کو کارڈ جاری کیا جاتا ہے، جس سے ان کو ہر تین ماہ بعد کچھ رقم ملتی ہے، کیا ان کا یہ رقم لینا جائز ہے؟

## جواب

گورنمنٹ کی طرف سے مختلف افراد کی مدد کیلئے جو شرائط وضوابط بیان کئے گئے ہیں، اگر کوئی ان شرائط وضوابط پر پورا اترتا ہے، فارم فل کرنے یا بیان کرنے میں کوئی جھوٹ یا دھوکہ دہی نہیں کرتا، تو گورنمنٹ کی طرف سے دی جانے والی امداد لینا جائز ہے۔ ہاں البتہ اگر اس میں وہ شرائط پوری نہیں ہیں جو حکومت نے اس سہولت کو حاصل کرنے کے لئے رکھی ہیں، تو اس صورت میں لینا جائز نہیں ہوگا، کیونکہ اس میں دھوکہ اور جھوٹ وغیرہ گناہوں کا ارتکاب کرنا پایا جائے گا۔

دھوکہ دے کر مال کھانا حرام ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے: ”وَلَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَیْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ“ ترجمہ کنز الایمان: اور آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ۔ (پارہ 02، سورۃ البقرۃ، آیت: 188)

اس آیت کے تحت تفسیر خزائن العرفان میں ہے: ”اس آیت میں باطل طور پر کسی کا مال کھانا حرام فرمایا گیا خواہ لوٹ کر یا چھین کر چوری سے یا جوئے سے یا حرام تماشوں یا حرام کاموں یا حرام چیزوں کے بدلے یا رشوت یا جھوٹی گواہی یا چغل خوری سے یہ سب ممنوع و حرام ہے۔“ (تفسیر خزائن العرفان، صفحہ 63، مکتبۃ المدینہ)

صحیح مسلم میں ہے: ”لیس منا من غشنا“ ترجمہ: وہ ہم میں سے نہیں جو ہمیں دھوکہ دے۔ (صحیح مسلم، جلد 1، صفحہ 70، مطبوعہ کراچی)

فیض القدیر میں ہے: ”والغش ستر حال الشئ“ یعنی دھوکے سے مراد کسی چیز کا اصل حال چھپانا ہے۔ (فیض القدیر، جلد 6، صفحہ 240، مطبوعہ، بیروت)

سیدی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں: ”غدر و بدعہدی مطلقاً سب سے حرام ہے مسلم ہو یا کافر، ذمی ہو یا حربی، مستامن ہو یا غیر مستامن، اصلی ہو یا مرتد۔“ (فتاوی رضویہ، جلد 14، صفحہ 139، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا رضا محمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2536

تاریخ اجراء : 27ربیع الثانی1447ھ/21اکتوبر2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net